روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA PATNA

حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ آج

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں)

'لبیک اللّٰھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک، ان الحمد والنعمة لک والملک لا شریک لک' کی روح پرور صداؤں کے ساتھ آج صبح مناسک حج کا آغاز ہوگیا۔ حجاج کرام خانہ کعبہ میں نماز فجر ادا کرنے کے بعد احرام باندھ کر منیٰ پہنچ گئے، جہاں دنیا کے سب سے بڑی خیمہ بستی بنائی گئی ہے۔

مناسک حج کی ابتدام سال 8 ذی الحجہ ہجری سال سے ہوتی ہے۔ حجاج کرام کو 9 ذی الحجہ کو ظہر سے پہلے پہلے منیٰ پہنچ جانا ہوتا ہے۔ منیٰ، مکہ شریف سے 3 میل کے فاصلے پر بہت بڑا میدان ہے، جس کے اردگرد پہاڑیاں ہیں۔ منیٰ میں 5 نمازیں ادا کرنی ہوتی ہیں، جن میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور 9 ذی الحجہ کی نماز فجر شامل ہیں۔ قبل ازیں دنیا بھر سے فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے آئے لاکھوں فرزندان توحید آج 8 ذی الحجہ کو منیٰ میں تر ویہ کا دن گزارنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کی امید رکھتے ہوئے پہنچے، جہاں سے 9 و 9 ذی الحجہ کو طلوع آفتاب تک رہیں گے۔ اس کے بعد وقوف عرفات کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ پھر عرفات میں دن بھر رہنے کے بعد مزدلفہ میں رات گزاریں گے۔ پھر 3 دن تک قربانی کریں گے اور 3 جمرات/ عقبہ (جمرہ اولیٰ، جمرہ صغریٰ اور جمرہ کبریٰ) پر کنکری مارنے کے مناسک ادا کریں گے۔ عازمین حج آج کے اکیلے یا گروپ کی شکل میں منیٰ پہنچنے کے ساتھ ہی مناسک حج کا آغاز ہوگیا۔ لاکھوں مسلمان فریضہ حج ادا کریں گے، جن کیلئے بڑے پیمانے پر چند بندا نتظامات کئے گئے ہیں۔

یا گروپ کی شکل میں حجاج کا قریہ بہ قریہ کے دن منیٰ میں آنا اور وہاں عرفات کے مقام پر جانے کیلئے رات بھر جاگنا مستحب ہے۔ منیٰ کا مقام تاریخی اور مذہبی حیثیت کا حامل ہے، جہاں حضرت ابراہیمؑ نے اللہ کے حکم سے ری جمرات کیا اور حضرت اسمٰعیلؑ کا فدیہ ذبح کیا۔ منیٰ مکہ معظمہ اور مزدلفہ کے درمیان واقع ہے۔ منیٰ سے شمال مشرق میں مسجد حرام واقع ہے، جو 7 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ منیٰ حرم کی حدود میں اس سے قبل وزارت حج وعمرہ اور دیگر سعودی وزارتوں کے اشتراک سے وادی منیٰ میں تمام سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ وزارت صحت کی جانب سے عازمین کی دیکھ بھال اور انہیں صحت خدمات کی فراہمی کیلئے وسیع پیمانے پر انتظامات کیے جاتے ہیں۔ وزارت صحت کی زیر نگرانی منیٰ میں جملہ سہولتوں سے آراستہ 4 بڑے اسپتال اور مختلف مقامات پر متعدد ڈسپنسریز قائم کی جاتی ہیں تاکہ عازمین کو بروقت طبی خدمات فراہم کی جاسکیں۔

منیٰ کی 'شارع الجدید' میں اسپتال 50 بستروں پر مشتمل قائم کیا گیا ہے، جبکہ 13 بستر ہنگامی صورتحال کیلئے مخصوص ہیں۔ اس کے علاوہ 3 آپریشن تھیٹر وارڈس اور سن اسٹروک کا شکار ہونے والوں کیلئے ایک خصوصی یونٹ تشکیل دی گئی ہے۔ منیٰ کے مرکزی اسپتال میں مختلف شعبوں کے 10 تفتیشی ہیں جبکہ گردوں کے امراض کے حوالے سے بھی خصوصی شعبہ موجود ہے۔ منیٰ کا ایمرجنسی اسپتال 200 بستروں پر مشتمل ہے جس میں 88 بستر ہنگامی حالات کیلئے مختص ہیں۔ اسپتال میں مختلف امراض کے حوالے سے 35 تفتیشی موجود ہیں۔ منیٰ الوادی اسپتال 160 بستروں پر مشتمل ہے جہاں لُو لگنے والے کیسوں سے نمٹنے کیلئے 20 بستر فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ دیگر طبی سہولتیں بھی یہاں موجود ہیں۔

منیٰ الخیر اسپتال 150 بستروں سے آراستہ ہے۔ ایمرجنسی کیسز کیلئے 40 بستروں کو مختص کیا گیا ہے، جبکہ سن اسٹروک کا شعبہ بھی یہاں موجود ہے۔ جلال الاحرم کے 98 سینٹرز یہاں قائم کیے گئے ہیں، جبکہ ابتدائی طبی امداد کے اہلکاروں کی مجموعی تعداد 2 ہزار 540 ہے۔

جج کے آغاز سے منیٰ کی فضا ہوئی روح پرور
- عازمین حج کیلئے بڑے پیمانے پر انتظامات
- مصنوعی ذہانت سمیت نئی ٹیکنالوجی کا استعمال

سیکورٹی کیلئے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں 8 ہزار کیمرے نصب

مکہ مکرمہ، (یو این آئی) مکہ مکرمہ اور مشاعر مقدسہ (منیٰ، عرفات اور مزدلفہ) میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر برائے حج سیکورٹی نے 8 ہزار کیمرے نصب کیے ہیں جو مصنوعی ذہانت سے لیس ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے العربیہ چینل کے مطابق کیمروں کو نگرانی کیلئے 500 سے زائد مقامات پر تقسیم کیا گیا ہے، جس کا مقصد حج موسم کے دوران بہتر سے بہتر سیکورٹی فراہم کرنا ہے۔ اسی طرح دیگر حصوں میں بھی کیمروں کی تنصیب کی گئی ہے، جہاں سے عازمین حج کی مختلف جگہوں پر آمد ورفت کی مانیٹرنگ ہو سکے گی، جس کے بعد مکہ مکرمہ اور مشاعر مقدسہ کے ہر حصے کی نگرانی آسان ہو جائے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے حج سیکورٹی فورسز کے ترجمان لیفٹیننٹ کرنل خالد الکریدیس کا کہنا تھا کہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر حج سیکورٹی فورسز کے مصوبوں کو مکمل کرتا ہے۔ الکریدیس کا کہنا تھا کہ مرکز کے جدید ترین ٹیکنالوجیز کے حامل کیمروں کی تنصیب کی ہے، جس کے سبب عازمین حج کی مختلف جگہوں پر آمد ورفت کو مانیٹر کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان کیمروں کی تنصیب کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا معیار بہت عمدہ اور اعلیٰ ہوگا اور بروقت تمام معلومات آسانی سے حل ہو سکیں گے۔ الکریدیس کا مزید کہنا تھا کہ مرکز کئی جدید تکنیکی صلاحیتوں کے حوالے سے ممتاز ہیں، کیونکہ یہ کیمرے مصنوعی ذہانت پر گرام سے لیس ہیں، جو مدایا کے تعاون سے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کیمرے مسجد الحرام میں سیکورٹی آپریشن سینٹر 911 سے بھی براہ راست رابطے میں ہوں گے تاکہ سیکورٹی کے مسائل فوری حل کیا جا سکے۔

ذرائع کے مطابق لاکھوں عازمین نے مسجد الحرام میں خانہ کعبہ کا طواف کیا اور ان میں سے زیادہ تر نے سورج کی تپش سے بچنے کیلئے چھاتے تھام رکھے تھے۔ عازمین حج رسول اکرمؐ کی سنت کو زندہ کرتے ہوئے بارگاہ خداوندی میں دعائیں اور مناجات کریں گے۔ اسلامی شریعت میں احرام باندھے ہوئے اکیلے یا گروپ کی شکل میں حجاج کا قریہ بہ قریہ کے دن منیٰ میں آنا اور وہاں عرفات کے مقام پر جانے کیلئے رات بھر جاگنا مستحب ہے۔ منیٰ کا مقام تاریخی اور مذہبی حیثیت کا حامل ہے، جہاں حضرت ابراہیمؑ نے اللہ کے حکم سے ری جمرات کیا اور حضرت اسمٰعیلؑ کا فدیہ ذبح کیا۔ منیٰ مکہ معظمہ اور مزدلفہ کے درمیان واقع ہے۔ منیٰ سے شمال مشرق میں مسجد حرام واقع ہے، جو 7 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ منیٰ حرم کی حدود میں اس سے قبل وزارت حج وعمرہ اور دیگر سعودی وزارتوں کے اشتراک سے وادی منیٰ میں تمام سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ وزارت صحت کی جانب سے عازمین کی دیکھ بھال اور انہیں صحت خدمات کی فراہمی کیلئے وسیع پیمانے پر انتظامات کیے جاتے ہیں۔ وزارت صحت کی زیر نگرانی منیٰ میں جملہ سہولتوں سے آراستہ 4 بڑے اسپتال اور مختلف مقامات پر متعدد ڈسپنسریز قائم کی جاتی ہیں تاکہ عازمین کو بروقت طبی خدمات فراہم کی جاسکیں۔

منیٰ کی 'شارع الجدید' میں اسپتال 50 بستروں پر مشتمل قائم کیا گیا ہے، جبکہ 13 بستر ہنگامی صورتحال کیلئے مخصوص ہیں۔ اس کے علاوہ 3 آپریشن تھیٹر وارڈس اور سن اسٹروک کا شکار ہونے والوں کیلئے ایک خصوصی یونٹ تشکیل دی گئی ہے۔ منیٰ کے مرکزی اسپتال میں مختلف شعبوں کے 10 تفتیشی ہیں جبکہ گردوں کے امراض کے حوالے سے بھی خصوصی شعبہ موجود ہے۔ منیٰ کا ایمرجنسی اسپتال 200 بستروں پر مشتمل ہے جس میں 88 بستر ہنگامی حالات کیلئے مختص ہیں۔ اسپتال میں مختلف امراض کے حوالے سے 35 تفتیشی موجود ہیں۔ منیٰ الوادی اسپتال 160 بستروں پر مشتمل ہے جہاں لُو لگنے والے کیسوں سے نمٹنے کیلئے 20 بستر فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ دیگر طبی سہولتیں بھی یہاں موجود ہیں۔

منیٰ الخیر اسپتال 150 بستروں سے آراستہ ہے۔ ایمرجنسی کیسز کیلئے 40 بستروں کو مختص کیا گیا ہے، جبکہ سن اسٹروک کا شعبہ بھی یہاں موجود ہے۔ جلال الاحرم کے 98 سینٹرز یہاں قائم کیے گئے ہیں، جبکہ ابتدائی طبی امداد کے اہلکاروں کی مجموعی تعداد 2 ہزار 540 ہے۔

حج سیزن کی کوریج کیلئے مکہ میں 'میڈیا فورم' کا افتتاح

ریاض، (ایجنسیاں) سعودی وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے وزارت حج وعمرہ اور ضیوف الرحمٰن پروگرام کے اشتراک سے مکہ مکرمہ میں حج میڈیا فورم' کا افتتاح کردیا۔ اخبار 24 کے مطابق میڈیا فورم 10 سے 16 جون 2024 تک جاری رہے گا جس کا مقصد حج کوریج کیلئے آنے والے میڈیا ہاؤسز کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے اس سال حج سیزن کی کوریج کیلئے 150 مقامی اور بین الاقوامی میڈیا ہاؤسز سے 1500 سے زائد نمائندگان میڈیا فورم کی سہولت سے مستفیض ہوں گے۔ میڈیا فورم کے تحت نمائندگان کو جملہ سہولتیں فراہم کی جائیں گی، جن میں لائیو کوریج کیلئے جدید سہولتوں سے آراستہ اسٹوڈیوز اور چوبیس گھنٹے میڈیا سینٹر کے علاوہ مشاعر مقدسہ کے مختلف مقامات کی براہ راست ویڈیو فوٹیج دستیاب ہوگی۔ حج سیزن کی عالمی سطح پر بھرپور کوریج کیلئے وزارت اطلاعات نے 15 حکومتی اداروں کے اشتراک سے جملہ سہولتوں سے آراستہ میڈیا سینٹر قائم کیا ہے۔ علاوہ ازیں حرمین شریفین انتظامی بھی میڈیا فورم میں شریک ہے۔ ایک نمائش کے ذریعے مقدس مساجد میں فراہم کی جانے والی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ دریں اثنا سعودی عرب نے اس سال حج کے دوران عازمین کیلئے پہلی بار خودکار فضائی ٹیکسی سروس کو سہولت متعارف کروائی ہے۔ سعودی عرب کی سرکاری نیوز ایجنسی واس کے مطابق خودکار فضائی ٹیکسی عازمین کو مقدس مقامات پر سفر کی سہولت مہیا کرنے کے علاوہ سامان کی فوری ترسیل اور ہنگامی حالت میں طبی خدمات کیلئے بھی استعمال کی جائے گی۔

مختصر خبریں

نیٹ: سپریم کورٹ نے NTA سے مانگا جواب

نئی دھلی، (ایجنسیاں) نیٹ کے امتحان میں مبینہ بےقاعدگی اور بے ضابطگیوں سے متعلق درخواستوں پر جمعہ (14 جون) کو سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ عدالت نے نیٹ امتحان منعقد کرنے والی ایجنسی، نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کو نوٹس جاری کیا ہے اور بی آئی کی تحقیقات کا مطالبہ کرنے والی درخواست پر اس کا جواب طلب کیا ہے۔ عدالت نے ان طلبا کو بھی نوٹس جاری کیا ہے جن کی درخواستیں مختلف ہائی کورٹس میں زیر التوا ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ جواب داخل ہونے کے بعد اس معاملے پر اگلی سماعت 8 جولائی کو ہوگی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ یہ معاملہ 24 لاکھ طلبا کے مستقبل سے جڑا ہوا ہے۔ اسے میں عدالت کو اس معاملے کی جلد سماعت کرنی چاہیے۔ اس پر سپریم کورٹ نے کہا کہ ہم اس کی سنگینی کو سمجھتے ہیں۔ وکیل نے طلبا کی خودکشی کا بھی ذکر کیا۔ یہ سن کر عدالت نے کہا کہ ایسی جذباتی اپیلیں نہ دیں، قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ اس پر وکیل نے کہا کہ این ٹی اے کا جواب دیکھنا ضروری ہے۔ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ابھی تک نیٹ امتحان میں کسی بےضابطگی، بدعنوانی یا بیج لیک ہونے کا کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ملا ہے۔ اس سے متعلق تمام حقائق سپریم کورٹ کے سامنے ہیں اور فی الحال زیر غور ہیں۔ اس معاملے پر سیاست کی جارہی ہے جس کی وجہ سے طلبا کا ذہنی سکون متاثر ہوتا ہے۔

یوپی میں کرپشن: 55 پولیس اہلکار معطل

لکھنؤ، (ایجنسیاں) اتر پردیش کے آگرہ میں بدعنوانی اور کام میں لاپرواہی کے الزام میں 55 پولیس اہلکاروں کو معطل کردیا گیا ہے۔ حکام نے یہ جانکاری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان میں سے 16 کو اپیڈ کی تصدیق کے عمل میں غفلت برتنے پر معطل کردیا گیا ہے۔ یہ 16 پولیس اہلکار نیو آگرہ، ہری پربت، شاہنج اور کملاگر پولیس اسٹیشن پر تعینات تھے۔ پولیس نے کہا کہ آگرہ پولیس کمشنر کو پاسپورٹ کی تصدیق میں بے ضابطگیوں کی کئی شکایات موصول ہوئی تھیں، جن کی تصدیق فیڈ بیک یونٹ کے ذریعہ کی گئی تھی۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس (ایسٹ) نے پاسپورٹ کی تصدیق میں تاخیر پر شمس آباد پولیس اسٹیشن کی ایک خاتون پروبیشن سب انسپکٹر اور ڈی کی پولیس اسٹیشن کے ایک ہیڈ کانسٹیبل کو بھی معطل کردیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس (ویسٹ) سمکر کمار کے جاری کردہ ایک پریس نوٹ کے مطابق ایک سب انسپکٹر اور کانسٹیبل سمیت 23 پولیس اہلکاروں کو سرکاری کام میں تاخیر اور فرائض کوتاہی برتنے پر معطل کردیا گیا ہے۔

ضروری گزارش

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے تمام نمائندوں، عیدگاہوں کے منتظمین اور جامع مساجد کے امام وخطیب اور متولی صاحبان سے گزارش ہے کہ اپنے اپنے شہر اور قصبات کے اوقات نماز عیدالاضحیٰ، درج ذیل ای-میل پر آج ہی روانہ فرمائیں۔ (ادارہ)

ای-میل: rsahara1@gmail.com

کویت سے لائی گئیں 45 ہندوستانیوں کی لاشیں

کوچی، (ایجنسیاں)

کویت میں آگ لگنے سے جاں بحق ہونے والے 45 ہندوستانیوں کی لاشوں کو لے کر ہندوستانی فضائیہ کا طیارہ جمعہ کی صبح کیرالہ کے کوچی ہوائی اڈے پر اترا۔ واضح رہے کہ کویت کے شہر المنقف میں ایک کثیر منزلہ عمارت میں لگنے والی زبردست آگ میں کل 45 ہندوستانی شہریوں کی موت ہوگئی تھی۔ ہندوستانی فضائیہ کا سی-130 کے ایشین ہرکیولس طیارہ جو ہلاک شدہ ہندوستانیوں کی لاشوں کو واپس لانے کیلئے روانہ ہوا تھا، کوچی میں اترا ہے۔ جمعہ کی صبح کویت پر 45 ہندوستانیوں کی لاشیں پہنچنے تھی وہاں موجود لوگوں کی آنکھیں نم ہوگئیں۔

G 7 وزیر اعظم مودی کی عالمی رہنماؤں سے ملاقات

یوکرینی صدر زیلنسکی کو گلے لگایا ◻ صدر میکروں سے دفاع اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال

روم، (ایجنسیاں)

جی-7 سربراہ اجلاس کیلئے اٹلی پہنچنے والے وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو یوکرین کے صدر وادیمیر زیلنسکی سے ملاقات کی۔ مودی نے زیلنسکی کو گلے لگایا۔ اس کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ میٹنگ ہوئی۔ روس-یوکرین جنگ شروع ہونے کے بعد مودی نے زیلنسکی سے دوسری بار ملاقات کی ہے۔ اس سے قبل گزشتہ سال جاپان میں منعقدہ جی-7 سربراہ اجلاس میں دونوں رہنماؤں کی ملاقات ہوئی تھی۔ اس دوران مودی نے کہا تھا کہ روس-یوکرین جنگ صرف بات چیت سے حل ہوسکتی ہے۔ زیلنسکی کے علاوہ مودی نے فرانسیسی صدر ایمینوئل میکروں اور برطانوی وزیر اعظم رشی سنک سے بھی ملاقات کی۔ وہ اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی سے بھی ملاقات کریں گے، جو جی-7 سربراہ اجلاس کی میزبانی کررہی ہیں۔ پی ایم مودی نے مسلسل 5 یں بار جی-7 سربراہ اجلاس میں شرکت کی ہے۔ وہ رات گئے سازے 3 بجے اٹلی پہنچے تھے۔

امریکی میڈیا پولیٹیکو کی ایک رپورٹ میں جی-7 سربراہ اجلاس میں جمع ہونے والے رہنماؤں کو اب تک کا 'کنفرم ترین اجتماع' قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہاں جمع ہونے والے زیادہ تر لیڈروں کو کسی نہ کسی گھریلو بحران کا سامنا ہے یا وہ اگلی بار الیکشن جیتنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ صدر جو بائیڈن کی پارٹی امریکہ میں مسلسل پیچھے ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ اگر یہ چنتی ہیں کیس میں ان پر جرم ثابت ہو چکا ہے لیکن ان کے حامیوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ جرمنی میں چانسلر اولف شولز کی کارکردگی کمزور ہوگئی ہے۔ دائیں بازو کی جماعت اے ڈی ایف وہاں تیزی سے مضبوط ہوتی جارہی ہے۔ اے ڈی ایف نے اس بار یورپی یونین کے انتخابات میں 6 نشستیں حاصل کی ہیں۔ وہیں چانسلر شولز کی پارٹی کو تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ شولز کی پارٹی کو سیٹوں کا نقصان ہوا ہے۔

فرانس کے صدر ایمینوئل میکروں نے یورپی انتخابات میں ناقص کارکردگی کے بعد پارلیمنٹ کو تحلیل کردیا ہے۔ دوسری جانب برطانیہ میں رشی سنک کی کنزرویٹو پارٹی کی حالت انتہائی خراب ہے اور سروے میں وہ لیبر پارٹی سے 20 پوائنٹس پیچھے ہے۔ گرتی ہوئی ریٹنگ کے درمیان سنک نے ملک میں انتخابات کو بھی وقت سے پہلے کردیا ہے۔ جی-7 میں شامل کناڈائی وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو اور ان کی لبیرل پارٹی کی ساکھ ملک میں مسلسل کمزور ہوتی جارہی ہے۔ کناڈا میں اگلے سال انتخابات ہونے ہیں۔ ایسے میں ٹروڈو کی واپسی مشکل دکھائی دے رہی ہے۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ٹروڈو نے اعتراف کیا کہ وہ سیاست سے ریٹائر ہونے کا سوچ رہے تھے لیکن انہوں نے پارٹی کو بیچ میں چھوڑنا درست نہیں سمجھا۔ جاپان میں ٹوموکیشوا کی حالت بھی زیادہ اچھی نہیں ہے۔ ان کی ریٹنگ میں مسلسل کمی ہورہی ہے۔ اس بار جون میں ان کی ریٹنگ میں 2.3 فیصد کی گراوٹ آئی ہے اور 16.5 فیصد پر آگئی ہے۔ سکھرا ہماعت ایل ڈی پی کے کسی بھی اعلیٰ رہنما کیلئے گزشتہ 12 سالوں میں یہ بدترین صورتحال ہے۔ پی ایم مودی نے فرانس کے صدر میکروں سے ملاقات کی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے جی-7 کے بیترے دوطرفہ میٹنگ کی۔ وزارت خارجہ کے مطابق اس دوران انہوں نے دفاع، ٹیکنالوجی، خلائی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ مودی اور میکروں نے عالمی اور علاقائی امور پر بھی بات کی۔

تھوک مہنگائی 15 ماہ کی بلند ترین سطح پر، قیمتوں میں اضافہ

نئی دھلی، (ایجنسیاں) مئی میں تھوک (ہول سیل) مہنگائی بڑھ کر 15 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ آج یعنی 14 جون کو جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق مئی میں تھوک مہنگائی بڑھ کر 2.61 فیصد پہنچ گئی ہے۔ فروری 2023 میں تھوک مہنگائی کی شرح 3.85 فیصد تھی۔ وہیں اپریل 2024 میں مہنگائی 1.26 فیصد درج تھی جو 13 ماہ کی بلند ترین سطح تھی۔ اس سے ایک ماقبل مارچ 2024 میں یہ 0.53 فیصد تھی۔ فروری میں تھوک مہنگائی 0.20 فیصد تھی۔ دریں اثنا بدھ کو خردہ مہنگائی میں بھی کمی ہوئی ہے۔ اپریل کے مقابلے خردہ افراط زر 5.52 فیصد سے بڑھ کر 7.40 فیصد ہوگئی۔ روزمرہ ضروری اشیا کی افراط زر کی شرح 5.01 فیصد سے بڑھ کر 7.20 فیصد ہوگئی۔ ایندھن اور بجلی کی تھوک مہنگائی کی شرح 1.38 فیصد سے کم ہوکر 1.35 فیصد ہوگئی۔ مینوفیکچرنگ مصنوعات کی تھوک مہنگائی شرح 0.42 فیصد سے بڑھ کر 0.78 فیصد ہوگئی۔ اس سے قبل مئی یعنی 12 جون کو مئی کیلئے خردہ افراط زر کے اعداد وشمار جاری کیے گئے تھے۔ اس کے مطابق مئی میں خردہ مہنگائی 4.75 فیصد تھی۔ یہ 12 ماہ کی کم ترین سطح ہے، جبکہ ایک ماہ قبل یعنی اپریل میں خردہ افراط زر کم ہوکر 4.83 فیصد پر آگئی تھی۔ تھوک مہنگائی کے طویل مدت تک بڑھنے، جبکہ ایک ماہ قبل یعنی اپریل میں اس کا تھمنے اثر پڑتا ہے۔ اگر تھوک قیمتیں زیادہ وقت تک بلند سطح پر رہیں تو پروڈیوسرس اس کا بوجھ صارفین پر ڈال دیتے ہیں۔ حکومت صرف ٹیکس کے زیادہ ڈیوٹی آئی کو کنٹرول کرسکتی ہے۔ مثلاً خام تیل میں تیزی سے اضافے کی صورت میں حکومت نے ایندھن پر ایکسائز ڈیوٹی میں کمی کی تھی تاہم حکومت صرف ایک حد کے اندر ٹیکس میں کمی کرسکتی ہے۔ ڈیلیور پی آئی میں زیادہ وسیع ٹیکنیکی سے جڑے سامان جیسے دھات، کیمیکل، پلاسٹک ربڑ کا ہوتا ہے۔

عوام نے مودی اور یوگی کو مسترد کردیا: راج بھر

لکھنؤ، (ایجنسیاں)

گھوسی لوک سبھا حلقہ پر اتر پردیش سرکار کے وزیر اوم پرکاش راج بھر کے بیٹے ارادھن راج بھر کی شکست ہوئی ہے۔ وہیں بیٹے کی شکست کا ٹھیکرا اوم پرکاش راج بھر نے بھارتیہ جنتا پارٹی پر چھوڑا ہے۔ سمیل دیو بھارتیہ سماج پارٹی کے مرکزی دفتر سمرتا پر ایک جائزہ میٹنگ کے دوران اپنے کارکنوں کو خطاب کرتے ہوئے اوپی راج بھر نے کہا کہ آپ لوگ بھی بولنا سیکھیے۔ ہماری پارٹی ایمانداری سے جہاں جٹوڑا، اس کو ووٹ دیا۔ اتحاد کی تمام پارٹیوں کے لیڈر، گٹھ بندھن دھرم نبھانا نہیں جانتے، لیکن ہم لوگوں نے ایمانداری سے گٹھ بندھن کا دھرم نبھایا۔ عوام نے یوگی اور مودی کو مسترد کردیا ہے۔ اوپی راج بھر نے کہا کہ ایسے لوگوں کو بھی سبق سکھانے کی ضرورت ہے۔ آپ بولنا سیکھیے تب ان کی سمجھ میں آئے گا۔ اب تو ہم پوری بغاوت کریں گے۔ آگے ہم اسٹیج سے ہی بتادیں گے کہ کس کو ووٹ دینا ہے اور کس کو نہیں دینا ہے۔ ایسے لوگوں کی بھی ہم دوا کرنے جارہے ہیں جو اسٹیج پر لچھے دار تقریر کرتے تھے اور گاڑی میں بیٹھ کر اپنے لوگوں سے کہتے تھے کہ ادھر نہیں اُدھر ووٹ دینا۔ ایسے لوگوں کو بھی ہم لوگ نشان زد کرتے ہیں۔ ہم ایسے لوگوں کو عوام ہی سبق کررہے ہیں، خواہ وہ ہمارا پردھان ہو، خواہ وہ ضلع یا پنچایت ہو، خواہ کوئی ہو، یا افسران ہو، ایسے لوگوں کو بھی ہم نشان زد کرلیں ہیں اور ان کیلئے دوا کرنے جارہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں سے کہوں گا کہ جب ایسے لوگوں کے خلاف کارروائی ہو تب آگے مت آنا۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس میں آپ کا رشتے دار بھی ہوں، اس وقت میں کسی کی بات نہیں سنوں گا۔ ابھی 3 سال اقتدار میں رہوں گا۔ اقتدار میں رہ کر ایسا پاپ بنائیں کہ نہ لیڈر بے پی سے مزید بیٹھیں لے لیں گے۔ اب ہم چاہتے ہیں کہ ہم سے 25 مت 30 سیٹ لے آئیں۔ اب لڑکوں کی بھی ہمارا لیڈر دبا تو ہم سمجھیں گے کہ وہ ہمارا مردہ لیڈر ہے۔ اس کا نام مردہ لیڈر رکھ دیا جائے گا۔

Hamdard
TRUSTED SINCE 1906
My Hamdard Store.com
SCAN TO SHOP
Hamdard Honey
پیڑھیوں کا بھروسہ۔۔۔ ہر گھر میں۔
ہمدرد، جو سوسال سے ایک قابل اعتماد نام ہے، اب اسی اعتماد کو ہمدرد ہنی کی ایک نئی شکل میں پیش کرتا ہے۔ کیونکہ اعتماد خریدا نہیں جاتا، کمایا جاتا ہے۔
25% EXTRA
Hamdard Honey
Blend of Honeydew Honey and Blossom Honey
ہمدرد ہے۔ پیور ہے۔
FSSAI ہدایات کے مطابق
INHOCEAN-007/24 URDU
Share your experience, Call us: 1800 1800 600 or Write us at: info@hamdard.com or Visit us at: www.hamdard.com Hamdard Laboratories India (Food Division), Registered & Consumer Care Office: Hamdard Manzil, Lal Kuan, Delhi - 110 006, India